نوجوان کے گولی لگنے کا معاملہ: خاتون سمیت دو پر مقدمہ

جونپور (ایس این بی)

سرپتھاں تھانہ حلقہ میں ہفتہ کی دیر شام ایک نوجوان مشتبہ حالت میں گولی لگنے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ فی الحال زخمی کی شکایت کی بنیاد پر پولیس نے ایک خاتون سمیت دو لوگوں کے خلاف مقدمہ درج کر کے معاملے کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔ پولیس کو ابتدائی جانچ میں معاملہ معاشقہ کا لگ رہا ہے۔ علاقہ کے اکڈلا گاؤں کے رہنے والے ارون کمار گپتا 45 ولد راجندر پرساد ہفتہ کی دیر شام گولی لگنے سے زخمی ہو گیا۔ گولی نوجوان کے بائیں ہاتھ میں لگی۔ گولی چلنے کی اطلاع ملنے پر ڈائل 112 پولیس کی ٹیم پہنچی اور اسے مقامی سی ایچ سی بھیج دیا، جہاں سے زخمی کو ضلع اسپتال ریفر کر دیا گیا۔ پولیس کو دی گئی شکایت میں زخمی شخص نے الزام لگایا ہے کہ ہفتہ کی شام ارسیان موڑ کے دھرم کانٹے سے شاہ گنج کی طرف بائک پر جاتے ہوئے موٹر سائیکل پر سوار ایک خاتون سمیت دو لوگوں نے اسے پٹرول پمپ کے قریب رکنے کا اشارہ کیا۔ جیسے ہی وہ رکا موٹر سائیکل سوار نوجوان راجن منجو دیوی ساکن سلھو پارہ تھانہ اکھنڈ نگر ضلع سلطانپور کے کہنے پر پستول سے فائر کر دیا جس میں وہ بچ گئے لیکن گولی ان کے بائیں ہاتھ میں لگی۔

مثالی معاشرے کی تشکیل میں قرآنی تعلیمات کا اہم کردار: مفتی محفوظ الرحمٰن قاسمی

جامعہ سلیمان الطراد میں حفاظ کی دستاربندی، قرآن کے مطابق زندگی گزارنے پر زور

نانپارہ،بھرائچ (پریس ریلیز)

حلقہ مہسی کے معروف ادارہ جامعہ سلیمان الطراد بنش پوروہ میں چوتھا جلسہ دستار بندی مولانا محمد سعید قاسمی کی صدارت میں ہوا، جس کی نظامت مولانا ظہیر الدین نوری نے کی، جلسہ کی پہلی نشست کا آغاز جامعہ کے طالب علم حافظ محمد قاسم نے تلاوت قرآن سے کیا، حمد و نعت کا نذرانہ حافظ سعید الدین نے پیش کیا، مغرب سے عشاء تک طلبہ نے مختلف زبانوں میں تقریر، سیرت طیبہ سے متعلق ثقافتی پروگرام پیش کر کے خوب تعریف و تحسین حاصل کی اور مختصر وقت میں کھل کرا پنے جوہر دکھلائے، علماء کرام و سامعین نے طلبہ کی خوب ہمت افزائی کی ، جلسہ کی دوسری نشست بعد نماز عشاء رئیس القراء جامعہ نور العلوم بہرائچ قاری محمد جواد کی تلاوت سے ہوا اور نعت کا نذرانہ مولانا نورالدین نے پیش کیا، ناظم جلسہ حافظ عبدالباری کی دعوت پر صدر جلسہ مولانا محمد سعید قاسمی نے خطبہ صدارت پیش کیا جس میں مدارس اسلامیہ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہو کہا کہ ابھی تو یہ ننھا سا پودا ہے آگے چل کر یہی تناور درخت بنے گا، اور پوری قوم اور ملت کی ان شاء اللہ نمائندگی کرے گا۔ مقرر خصوصی مفتی محفوظ الرحمٰن قاسمی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح انسان اپنی دنیا بنانے اور سنوارنے کے لئے ہر وقت محنت اور کوشش کرتا ہے اس سے کہیں زیادہ اپنی آخرت کو بنانے اور سنوارنے کے لئے ہر وقت کوشش کرتے رہنا چاہئے، انھوں نے کہا کہ انسان کی تخلیق ہی قرآن فہمی اور اس کے مطالبات پر عمل کے لیے ہوئی ہے، انہوں نے واضح الفاظ میں زور دے کر کہا کہ معاشرے سے غیبت، عیب جوئی اور بدخواہی دور ہونی چاہئے، تین باتوں پر ہمیشہ عمل کریں معاشرہ پاکیزہ بن جائے گا، حسب توفیق خوب صدقہ کریں، بچے، ہمیشہ بھلائی کے پہلو کو ترجیح دیں اور آپس میں صلح کی بات کریں، مولانا محمد آمین مکریاوی نے اپنا نعتیہ کلام پیش کیا۔

دینی اجلاس اور خاص طور پر تکریم حفاظ کرام کے جلسہ میں اکثر علماء، حفاظ اور قرآن سے دلچسپی رکھنے والے سامعین و ناظرین کو مدعو کیا جاتا ہے لیکن اس جلسہ میں علاقے کے کچھ سنجیدہ دانش مند اور اخلاق مند برادران وطن کو نہ صرف مدعو کیا گیا تھا بلکہ مہمان خصوصی کی حیثیت سے ان کی شرکت خاص توجہ کا باعث تھی، اس موقع پر بھوری لال شکلا اور گجیند رپال سنگھ عرف سنی بھیا نے تعلیم کے مشن کو آگے بڑھانے پر زور دیا، دونوں نے مائک پر آکر اپنے تاثرات کا اظہار کیا اور ہمیشہ کندھے سے کندھا ملا کر چلنے اور آپسی بھائی چارے کو فروغ دینے کی اپیل کی، تمام 16 حفاظ کرام کو مبارک باد پیش کی اور مستقبل کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اسی طرح سنی بھیا نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مدرسے اور اسکول کوئی الگ چیز نہیں ہیں بلکہ دونوں کے اندر انسانیت سکھلائی جاتی ہے اور ایک اچھے اخلاق اور اعلی کردار کی تعمیر پر زور دیا جاتا ہے، بے شک تعلیم ہی ایک ایسی چیز ہے جس سے آدمی اپنے اندر امتیاز پیدا کرسکتا ہے، جامعہ کے جنرل سکریٹری ماسٹر وحید الدین نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا، پردھان بلال احمد کی بھی اچھے کام پر گل پوشی کر کے حوصلہ افزائی کی گئی، اخیر میں جامعہ مسعودیہ نور العلوم بہرائچ کے مہتمم قاری زبیر کے ہاتھوں طلبہ کو دستار اور سند سے نوازا گیا، انھوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ جو لوگ محنت کرتے ہیں وہ ضرور اپنی منزل تک پہنچ جاتے ہیں، قرآن کے علوم سمندر کی طرح ہیں، ہمیشہ موتیوں کی تلاش جاری رہنی چاہیے، مفتی وحید اللہ قاسمی نے بھی نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ قران کریم کی تعلیمات عمل کی متقاضی ہیں، اسکے مطابق زندگی گزارنے پر کامیابی سے کوئی دور نہیں کر سکتا، قاری زبیر قاسمی کی دعاء پر جلسہ کا اختتام ہوا۔ اس موقع پر جامعہ کے صدر حاجی محمد احمد، نائب صدر شعبان علی، جنرل سکریٹری ماسٹر وحید الدین، مولانا ابرار، قاری عبید الرحمٰن، مولانا محمد رضوان ندوی، مولانا محمد احرار قاسمی، مولانا ولی الرحمٰن، مولانا ظہیر الدین قاری شیر محمد ماسٹر مقصود، نوشاد احمد، ارشاد احمد سمیت علاقے کے لوگ کثیر تعداد میں موجود ہے۔

مختصر خبریں

سڑک حادثہ میں دو لوگوں کی موت

بریلی (ایس این بی) بریلی بدایوں روڈ پر تھانہ بھجورہ علاقہ میں پیش آنے والے دو ٹریکٹر سوار لوگوں کی موت ہوگئی جبکہ دو لوگ شدید زخمی ہوگئے، جنھیں علاج کے لئے پرائیویٹ اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ بدایوں کے تھانہ سول لائن علاقہ کے گاؤں نوشیرا کے رہنے والے ششو پال سنگھ تین دیگر لوگوں کے ساتھ ٹریکٹر ٹرالی سے مرچ لے کر دیو چرا کے بازار آرہے تھے جہاں انہیں مرچ فروخت کرنا تھی، دیو چرا سے قبل سیمنٹ سے بھرے ایک ٹرک نے ٹریکٹر ٹرالی میں ٹکر ماردی جس کی وجہ سے ششو پال سنگھ اور راجویر سنگھ اچھل کر ٹریکٹر کے نیچے گرے اور ٹریکٹر سے کچل گئے ان دونوں لوگوں نے موقع پر ہی دم توڑ دیا باقی ٹریکٹر سوار چمن اور ظہور زخمی ہوگئے جنھیں اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔

حافظ میاں کے عرس کے دوسرے روز ہوئی قدم شریف کی زیارت

شاھجھاں پور (ایس این بی) صوفی بزرگ حضرت حافظ احمد حسین خان المعروف حافظ میاں کے 116 / ویں سالانہ عرس کے موقع پر اتوار کے روز خانقاہ حافظیہ محلّہ ہاتھی تھان میں زائرین نے ادب واحترام سے قدم شریف کی زیارت کی۔ سجادہ نشین حاجی وقار احمد میاں کی سرپرستی میں سالانہ عرس کے دوسرے روز عرس کے انتظامات میں اراکین مصروف رہے۔ سہ پہر تین بجے خانقاہ میں محفل میلاد ہوئی۔ جس میں میلا دخواں حافظ محمد ذیشان نے نعت و منقبت پیش کرتے ہوئے ذکر رسول گیا۔ اس کے بعد قدم شریف کی زیارت کرائی گئی۔ جس میں لوگوں کی بڑی تعداد نے حاضری دی اور دعائیں کیں۔ اس موقع پر حاجی وسیم خاں، نعیم احمد، محمد نظام الدین خان، ڈاکٹر رضی، احتشام خاں، خالد خاں، محمد آمان خاں، فیروز علی، راشد حسین، اکرم خاں، شمشاد علی، اسلم خاں، مکرم خاں، اعظم خاں سمیت تمام زائرین موجود تھے۔ سجادہ نشین وقار میاں اور نائب سجادہ سراج الدین احمد خاں نے ملک وقوم کی خوشحالی اور ترقی کے لیے دعا کی۔ رات گئے محفل سماع میں میر چوکی قوال راجو مرلی نے صوفیانہ کلام سنایا۔ نائب سجادہ سراج الدین احمد خان نے بتایا کہ 24 / جون کو قرآن خوانی صبح 7 بجے، قل شریف صبح 10 / بجے ہوگا۔ رات 10 / بجے قوالیاں ہوں گی۔

پانی کی قلت سے لوگ پریشان

پریاگ راج (ایس این بی) شہر کے بہادر گنج محلّہ میں کئی دنوں سے پینے کے پانی کا بحران پیدا ہو گیا ہے۔ جس کی وجہ سے لوگوں کی پریشانیاں بڑھ گئی ہیں شدید گرمی میں خواتین اطراف سے بالٹی اور ڈبے میں پانی لانے کے لئے مجبور ہیں دلچسپ بات یہ ہے کہ اسی محلّہ میں ریاست کے کابینی وزیر نند گوپال نندی کا بھی مکان ہیں لوگوں کا کہنا ہے کہ تقریبا پندرہ دنوں سے پانی کی قلت کی صورتحال ہے اس سلسلے میں کانگریس کیلیڈر ارشاد اللہ نے کہا کہ پریاگ راج اسمارٹ سٹی ہے جہاں پانی کا بحران ہے انہوں نے یہ بھی کہا کہ میونسپل کارپوریشن، واٹر ورکس اور سٹی کمشنر لوگوں کے مسایل سننے کو تیار نہیں اس معاملہ کی شکایت واٹر ورکس میں کی گئی تھی لیکن کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔

آراضی تنازعہ میں مارپیٹ، مقدمہ قائم

لال گنج، پرتاپ گڑھ (ایس این بی) آراضی تنازعہ کو لے کر فریقین میں مار پیٹ کو لے کر پولیس نے قتل کی کوشش، دلت استحصال سمیت گھر میں گھس کر مار پیٹ کا مقدمہ درج کیا ہے۔ سانگی پور تھانہ کے لکھنسور پور کے رہنے والے رامیشور کے بیٹے شنی وشوکرما نے پولیس کو دی گئی تحریر میں کہا ہے کہ ہفتہ کی شام تقریباً ساڑھے چھ بجے اس کی بہن گھر کے اندر کام کر رہی تھی۔ آراضی تنازعہ کو لے کر پڑوس کے شیام بہاری کی بیوی سیتا دیوی و کاویری، ببلیش اور پوجا بنت شیام بہاری وستن کے بیٹے شادی لال نے متحد ہو کر لوہے کی راڈ سے جان لیوا حملہ کر دیا۔ ملزمان نے گالی گلوج کرتے ہوئے گھر کے اندر داخل ہو کر اس کی بہن پر جان لیوا حملہ کر زخمی کر دیا۔ حملہ میں متاثرہ کی بہن بے ہوش ہوگئی۔ بیچ بچاؤ میں ملزمان نے متاثرہ کو بھی مارا پیٹا۔ شور شرابہ ہونے پر ملزم جان لیوا حملہ کی دھمکی دیتے چلے گئے۔ پولیس نے تحریر کی بنیاد پر پانچ ملزمان کے خلاف قتل کی کوشش، گھر میں گھس کر مار پیٹ کا مقدمہ درج کیا ہے۔ وہیں دوسرے فریق کی کاویری سروج بنت شیام بہاری نے دی گئی تحریر میں کہا ہے کہ آراضی تنازعہ کو لے کر ملزم شنی وشوکرما، اروند اور روبی وشوکرما، سیتا وشوکرما و نیتو وشوکرما زوجہ شنی نے متاثرہ و اس کے گھر کے ممبران کو لاٹھی ڈنڈے سے مارا پیٹا۔ مخالفت کرنے پر ملزم گھر میں گھس گئے اور گندی گالی دیتے ہوئے مار پیٹ کی۔ متاثرہ نے شور مچایا تو ملزمان نے گھر کے سامان میں توڑ پھوڑ کی۔ ملزمان نے شکایت کرنے پر متاثرہ و کنبہ کے ممبران کو جان لیوا دھمکی دی ہے۔ تحریر کی بنیاد پر پولیس نے ملزم شنی سمیت پانچ لوگوں کے خلاف مار پیٹ، توڑ پھوڑ سمیت دلت استحصال کا مقدمہ درج کیا ہے۔ سانگی پور ایس او منیش کا کہنا ہے کہ دونوں فریق کی جانب سے کیس درج کیا گیا ہے جانچ کر قصورواروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

بینک متر سے لوٹ کا ملزم پولیس مڈبھیڑ میں گرفتار

اعظم گڑھ (ایجنسی) جہانا گنج تھانہ علاقہ میں بینک متر سے ہوئی لوٹ میں شامل دو ملزمان کے ساتھ ہفتہ کی صبح پولیس سے مڈبھیڑ ہوگئی۔ اس میں ایک بدمعاش کے پیر میں گولی لگی اور دوسرا فرار ہو گیا۔ زخمی بدمعاش کو پولیس نے گرفتار کر علاج کے لیے اسپتال میں داخل کرایا۔ پولیس نے بدمعاش کے پاس سے لوٹ کے 93 ہزار روپئے، اسلحہ اور ایک موٹر سائیکل برآمد کیا ہے۔ بینہ نگر تھانہ علاقہ کے بچھول گاؤں کے رہنے والے پرشانت پانڈے نے دو جون کو پولیس کو تحریر دی کہ وہ یونین بینک آف انڈیا کی سنپور برانچ میں بینک متر ہے۔ چکر پان پور بازار میں ندھی پستک بھنڈار کے نام سے دکان بھی ہے۔ مدعی اپنی دکان بند کر کے اکونہ- حیدرآباد (سسوا) روڈ سے گھر جار ہا تھا کہ قبرستان کے پاس تین بدمعاشوں نے روکا اور اسلحہ سٹا کر موبائل، گاڑی کی چابی و بیگ لوٹ لیے جس میں تقریباً 3 لاکھ روپئے نقد، دو ڈیوائس مشین، اے ٹی ایم کارڈ، ڈیوائس رجسٹر، ڈریس اور بینک کے کچھ کاغذات تھے۔

موسلادھار بارش سے عوام کو گرمی سے راحت

کسانوں کے چہرے کھلے، عوام کو مشکلات کا سامنا

جونپور (ایس این بی)

شدید گرمی اور تپش کے دوران اتوار کو 2 گھنٹے تک ہوئی موسلا دھار بارش نے عوام کو گرمی سے راحت مل گئی۔ موسم کی پہلی موسلا دھار بارش جس کی وجہ سے کسان خوش نظر آئے لیکن مسافروں کو اپنی منزل تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ شدید گرمی کے باعث لوگوں کا جینا محال ہو گیا تھا لیکن اتوار کی شام تقریباً 4 بجے شہر سمیت ضلع کے مختلف مقامات پر تقریباً 2 گھنٹے تک موسلا دھار بارش ہوئی، جس کی وجہ سے کسانوں کے چہروں پر مسکان آگئی۔ جنگی پور خورد کے رہنے والے راہل وشوکرما نے بتایا کہ یہ موسم کی پہلی بارش ہے۔ اس سال کی ضرورت کے مطابق وقت پر بارش نہ ہونے کی وجہ سے دھان کے بیج خشک ہو رہے تھے لیکن اتوار کو ہونے والی بارش سے دھان کے بیجوں میں جان آگئی ہے۔

دوسری طرف صدیق پور جموائی روڈ سے گزرنے والے ایک راہگیر نے بتایا کہ بارش کی وجہ سے گرمی سے تو راحت تو مل گئی لیکن صدیق پور کے قریب پانی نکاسی کا نظام نہ ہونے کی وجہ سے سڑک پر پانی بھر گیا جس سے لوگوں کو آنے جانے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ادھر شہر میں موسم کی پہلی بارش سے نوجوانوں کا ہجوم سڑکوں پر آگیا۔ شہر کے سدبھاونا پل، شاہی پل، قلعہ روڈ، اولند گنج سمیت تمام مقامات پر نوجوانوں نے بارش کا خوب لطف اٹھایا۔ گزشتہ ایک مہینوں سے گرمی کی تپش سے پریشان لوگوں نے بارش کے ہوتے ہی راحت کی سانس لی ہے۔

کمپنی بنا کر ٹھگی کرنے والے 9 لوگوں پر مقدمہ

ٹانڈہ، امبیڈکرنگر (ایس این بی)

تھانہ علی گنج پولیس نے کمپنی بنا کر کروڑوں روپئے کی ٹھگی کر فرار ہونے والے کمپنی کے ایم ڈی سمیت 9 کے خلاف دھوکہ دھڑی و امانت میں خیانت اور دھمکی وغیرہ کا مقدمہ درج کیا ہے۔ پولیس نے مقدمہ 74 لوگوں کے دستخط والی تحریر پر درج کیا ہے جس میں تین خواتین بھی شامل ہیں۔ نرنکار تیواری ساکن موضع پٹیا و دیگر نے الزام لگایا ہے کہ شان عالم انصاری و شاداب انصاری ساکن محلّہ مسہا تھانہ علی گنج نے اپنے کوئی کمپنی کا ایم ڈی و سی ایم ڈی بتایا اور زمین تجارت میچول فنڈ سستا بازار وغیرہ بتاتے ہوئے کمپنی پارٹنر بنایا اور سبھی سے کروڑوں روپئے انوسٹ کرا کر فرار ہو گیا۔

پردھان کے خلاف مقدمہ قائم

پیلی بھیت (ایس این بی)

کوتوالی علاقہ کے ایک گاؤں کی رہنے والی خاتون نے کوتوالی میں تحریر دے کر الزام لگاتے ہوئے کہا ہے کہ موضع نودیا ستارگنج کا پردھان عمران اس کے موبائل پر غلط میسج کرتا ہے۔ اس میں لکھتا ہے کہ تم سے بہت پیار کرتا ہوں۔ خاتون گاؤں پردھان عمران کے اس حرکت سے پریشان ہے۔ خاتون کا الزام ہے کہ آتے جاتے وقت راستہ میں وہ اس کا پیچھا بھی کرتا ہے۔ خاتون کے ذریعہ مخالفت کرنے پر اسے جان سے مارنے کی دھمکی بھی دے رہا ہے۔ انھوں نے تحریر دے کر کوتوالی پولیس سے اس گاؤں پردھان کے خلاف سنگین دفعات میں مقدمہ درج کرنے کے بعد پردھان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

تعلیم کا مقصد صرف مادی مفاد حاصل کرنا نہیں: پروفیسر شمس الزماں

پیغام انسانیت کی جانب سے 17 ویں تعلیمی کانفرنس کا انعقاد

بریلی (ایس این بی)

سماجی تنظیم پیغام انسانیت کی جانب سے مقامی آئی ایم اے ہال میں 17 ویں تعلیمی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کے نام سے منعقد کیے گئے اس پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا اس کے بعد پروفیسر شمس الزماں نے کلیدی خطبہ پیش کرتے ہوئے تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ تعلیم کا مقصد صرف مادی مفاد حاصل کرنا نہیں ہے بلکہ تعلیم کا مقصد سماج کو بہتر بنانا اور انسانیت کی خدمت کرنا ہے۔ اس موقع پر رفاہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کرناٹک کے صدر انجینئر ممتاز منصوری نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے کہا کہ مسلمانوں کو تعلیم کی جانب خاص توجہ دینا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ نیٹ کے امتحان میں کامیابی ہی صرف ہماری منزل نہیں ہے یہ کامیابی ہمیں میڈیکل کالج میں داخلہ دلا سکتی ہے، ڈاکٹر بنا سکتی ہے مگر ڈاکٹر بنکر مسلسل عوام کی خدمت کرنا اخلاق کی خوشبو پھیلانا ہمارا مقصد ہونا چاہئے۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ تجارت کے میدان میں بھی آگے آئیں اور ٹیکنالوجی سے جڑ کر اپنی کاروبار کو بلندیوں پر لے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت دنیا میں تجارت کے طریقے بدل رہے ہیں مسلم قوم کو اپنے بچوں کو تعلیم کے ساتھ خصوصی طور پر ہنر سے جڑے ہوئے پیشوں کو ٹکنالوجی سے اگر جوڑا جائے تو کاروبار کو پوری دنیا میں پھیلایا جا سکتا ہے، اس سے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ روزگار ملے گا۔ کانفرنس میں شاہین گروپ آف انسٹی ٹیوشن کے بانی ڈاکٹر عبد القدیر نے اپنے خطبۂ صدارت میں کہا کہ اچھی سوچ، اچھی نیت اور اچھی کوشش کامیابی کی دلیل ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت کی جانب بھی خاصی توجہ دینے کی ضرورت ہے اس لئے کہ تربیت کے بغیر تعلیم نامکمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ایسے تعلیمی ادارے قائم کرنے کی ضرورت ہے جن میں معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت کا بھی خاص خیال رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کو صرف ڈاکٹر اور انجینئر ہی بنانے کی ہی خواہش نہ کریں بلکہ کوشش کیجئے کہ آپ کے بچے آپ کے لئے نجات کا ذریعہ بنیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شادیوں و دیگر تقریبات میں کی جارہی فضول خرچیوں کی شدت کے ساتھ مخالفت کی اور کہا شادیوں میں کی جانے والی فضول خرچیوں کو روک کر تعلیمی ادارہ قائم کیجئے۔ انہوں نے لوگوں سے عہد لیا کہ وہ نکاح میں تو شرکت کریں گے مگر نکاح کے کھانوں میں شرکت سے گریز کریں گے۔ پروگرام کے دوران ان طلباء اور طالبات کو انعامات دیے گئے جنہوں نے تنظیم کی جانب سے منعقد کرائے گئے اسلامی کلاسیز کے ٹیسٹ میں اور دیگر بورڈوں کے امتحانات میں امتیازی کامیابی حاصل کی ہے۔ پروگرام کی نظامت انجینئر احمد عزیز نے کی۔

نیٹ امتحان میں دھاندلی کے خلاف سماجوادی لوہیا واہنی نے کیا احتجاج

امتحان منسوخ کرکے پورے معاملے کی سی بی آئی جانچ کرانے کا مطالبہ، سونپا میمورنڈم

بھرائچ (ایس این بی)

نیٹ امتحان میں ہوئی دھاندلی اور پیپر لیک معاملے کی سی بی آئی جانچ کی مانگ کو لے کر لوہیا واہنی کے ضلع صدر نند یشور نند یادو کی قیادت میں پارٹی کارکنوں نے ڈی ایم چوراہا سے کلکٹریٹ دھرنا استھل تک پیدل مارچ نکالتے ہوئے دھرنا مظاہرہ کیا۔ سماج وادی لوہیا واہنی کے طلباء نے نیٹ امتحان منسوخ کر کے دوبارہ امتحان کرانے کی مطالبہ کرتے ہوئے صدر جمہوریہ کو ایک پانچ نکاتی میمورنڈم سونپا۔ احتجاج کے دوران پولیس کی بھاری نفری تعینات تھی اور احتجاجی مارچ پرامن طریقے سے مکمل ہوا۔ سماج وادی لوہیا واہنی نے صدر جمہوریہ کو بھیجے گئے میمورنڈم میں کہا ہے کہ ملک بھر میں این ٹی اے کے ذریعہ نیٹ کا امتحان 5 مئی کو منعقد کیا گیا تھا جس میں حکومت کی حمایت یافتہ مافیا نے امتحان کے دوران ہی نیٹ کا پرچہ لیک کر دیا اور امتحان میں بیٹھے تقریباً 24 لاکھ سے زیادہ طلباء کا مستقبل داؤ پر لگ گیا۔ سماج وادی لوہیا واہنی بہرائچ کا مطالبہ ہے کہ سب سے پہلے این ٹی اے ایجنسی کو برخاست کیا جائے اور اس کے خلاف مقدمہ درج کر کے سخت ترین کارروائی کی جائے اور نیٹ کا امتحان دوبارہ کرایا جائے۔ ضلع صدر لوہیا واہنی نند یشور نند یادو نے کہا کہ جب سے ملک اور اتر پردیش میں بی جے پی کی حکومت بنی ہے، تمام امتحانات کے پرچے مسلسل لیک ہو رہے ہیں۔ ملک کے نوجوان محنت کرتے ہیں اور خواب دیکھتے ہیں، لیکن بی جے پی حکومت کی لوٹ مار سے نوجوان طلبہ کا مستقبل تباہ ہو گیا ہے، اتر پردیش میں پولیس بھرتی کے امتحان میں بڑی دھاندلی ہوئی ہے۔ جس کی وجہ سے ملک اور ریاست کے طلباء و طالبات کا مستقبل داؤ پر ہے، پورے ملک میں لوٹ مار اور کرپشن عروج پر ہے، امن و امان اور جمہوریت نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ سماج وادی پارٹی لوہیا واہنی کے قومی سکریٹری عبدالذیشان نے کہا کہ سماج وادی پارٹی کے قومی صدر اور سابق وزیر اعلی اکھلیش یادو نے بھی شروع میں ہی نیٹ امتحان کرانے والی ایجنسی این ٹی اے پر سوالیہ نشان شروع میں ہی اٹھایا تھا۔ لیکن اس دوران بھی حکومت کی جانب سے کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ این ٹی اے کے ذریعہ امتحان کے نتائج کے اعلان کی تاریخ 14 جون 2024 تھی لیکن اسی دن جب لوک سبھا انتخابات کے نتائج کا اعلان کیا جا رہا تھا، این ٹی اے نے 4 جون 2024 کو سازشا طریقے سے نیٹ امتحان کے نتائج کا اعلان کیا۔ طلباء نے تبھی یہ مطالبہ کیا تھا کہ این ٹی اے کے ذریعہ نیٹ امتحان میں زبردست دھاندلی ہوئی ہے۔

پولیس بھرتی کے امتحان میں 60 لاکھ نوجوانوں نے امتحان دیا اور پھر بعد میں پتہ چلا کہ پیپر لیک ہو گیا ہے یوپی اور ملک میں تقریباً ایک کروڑ نوجوانوں نے امتحان دیے ہیں جو تقریباً 90 فیصد امتحانات لیک ہوگئی ہیں۔

اس لیے ہم سماج وادی پارٹی کے تمام لیڈران اور کارکنان محترمہ صدر جمہوریہ سے اس میمورنڈم کے ذریعے مطالبہ کرتے ہیں کہ ایسی حکومت کو برخاست کر کے صدر راج نافذ کیا جائے اور ملک میں جمہوریت کو بحال کیا جائے۔

احتجاج میں ضلع صدر سماج وادی درج فہرست ذات و قبائل سنت کمار پاسی، آکاش پٹیل، گورو یادو، میانک مشرا، امردیپ یادو، رنکو سنگھ، راجیت رام یادو، سنیل یادو، منٹو ورما، رتیش یادو، آشیش گورو شریواستو، مبین خان، محبوب علی، روی یادو، امردیپ، شیکھر یادو، شیوم یادو، انو گپتا، سیلندر یادو، وکاس یادو، ونود یادو، ابھیشیک یادو اور کئی سماجوادی رہنما اور کارکنان موجود تھے۔

کوریڈور تعمیر کے دوران کسی کی روزی روٹی نہیں چھینی جائے گی: امن گری

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) گولا میں کوریڈور تعمیر کے سلسلے میں تاجروں اور عوام کی کشمکش کو دور کرتے ہوئے مقامی ایم ایل اے امن گری نے کہا ہے کہ تعمیر کے دوران کسی کی روزی روٹی نہیں چھینی جائے گی اور نہ ہی ان کا مقصد ہے کہ کسی کا نقصان ہو۔ کوریڈور تعمیر کے سلسلے میں یو پی سی ایل کے ذریعے سڑکوں اور نالیوں کے اوپر سے ناجائز قبضے ہٹوا کر راستے کی توسیع کاری کا کام تیزی سے کیا جا رہا ہے۔

دیو مالائی شیو مندر کا مین گیٹ، سنیما روڈ واقع آنند دھرم شالہ کے پاس بنایا جائے گا- اس راستے کو پوری طرح سجاوٹ کے ساتھ دیواروں اور گیٹ پر تصاویر بنائی جائیں گی- مین گیٹ اور مندر کے درمیان تین گیٹ بنائے جانے کی تجویز ہے- پہلا گیٹ انگد دھرم شالہ کے قریب، دوسرا گیٹ مالیوں کے قریب لگے پیپل کے درخت کے پاس اور آخری گیٹ مندر کے قریب بنایا جائے گا- اس کے علاوہ مندر آنے جانے والے راستوں پر گیٹ بنائے جائیں گے- ایک ایک مالی کے لیے چبوترے کی تعمیر کرائی جائے گی- سڑکوں پر ایک خاص طرح کے پتھر کا استعمال کیا جائے گا- اسی کے ساتھ مل ڈاؤ رزن روڈ کی طرف سے وی آئی پی گیٹ بنایا جائے گا- یہ جانکاری امن گری نے اپنے فارم ہاؤس پر پریس کانفرنس کے دوران دی ہے- انہوں نے بتایا کہ بریلی، گوسوامی اور مہادیو دھرم شالہ کو منہدم کیا جائے گا- گوکرن تیرتھ کے جنوب ستسنگ کی جگہ بنائی جائے گی- تیرتھ کے چاروں طرف گھاٹوں کی تعمیر ہوگی- جدید کاری کے ساتھ ہائی ماسٹ لائٹوں کا انتظام کیا جائے گا- پریکرما استھل، نیل کنٹھ میدان، عقیدت مندوں کے بیٹھنے کے لیے جدید بنچ، تیرتھ سرووَر میں میوزک واٹر شو کی تعمیر اور پانی کو صاف رکھنے کے لیے آکسی ڈیشن پلانٹ لگایا جائے گا- کوریڈور تعمیر کے دوران پارکنگ و ریسٹورنٹ سمیت تمام سہولتوں کا پورا دھیان رکھا گیا ہے- امن گری نے بتایا کہ عقیدت مندوں کو کوئی دقت نہ ہو اس کا پورا خیال رکھا جائے گا- ساون کے ماہ میں عقیدت مندوں کا پورا خیال رکھا جائے گا اور دیو مالائی شیو مندر میں چل رہے کوری ڈور تعمیر کو ایک مہینے کے لیے روک کر ملبہ ہٹوا دیا جائے گا کیونکہ ساون کے مہینے میں ایک ماہ سے بھی کم وقت باقی رہ گیا ہے- دو ہفتہ ساون میلے کی تیاریوں میں گزر جاتا ہے- اندازہ لگایا جا رہا ہے کہ اس بار ساون کے مہینے میں گزشتہ سال کے بہ نسبت عقیدت مندوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا-

بجلی کی آنکھ مچولی سے صارفین پریشان

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) بجلی نہ ملنے سے پریشان درجنوں صارفین آج کیمہرا پاور ہاؤس پہنچے لیکن کسی ذمہ دار افسر کے نہ ملنے کی وجہ سے مایوس واپس چلے گئے- کیمہرا پاور ہاؤس کے اودرہنا فیڈر سے ملنے والی بجلی آنکھ مچولی کرتی رہتی ہے- پتہ ہی نہیں چلتا ہے کہ کب آئی اور کب گئی- قریب تین ہفتہ سے بجلی صارفین کو کافی زحمتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے- کہیں کھمبے مرمت کرنے کے نام پر تو کہیں مشین کے اوورلوڈ ہونے کی وجہ سے بار بار بجلی کٹتی رہتی ہے- تمام کوششوں کے باوجود علاقے کی بجلی سپلائی میں بہتری نہیں آرہی ہے- دیہی علاقوں میں بغیر روسٹر کے بجلی سپلائی کی جا رہی ہے- دن میں بھی گھنٹوں بجلی سپلائی میں تخفیف ہو رہی ہے- اس سے الیکٹرانک مرمت کی دکانوں کا کام متاثر ہو رہا ہے- شام کے وقت کٹوتی کی وجہ سے چورا چکوں کی سرگرمی بھی بڑھ گئی ہے- اس سے علاقائی عوام میں خوف بھی ہے- صبح بجلی سپلائی نہ ہونے سے پینے کے پانی کا مسئلہ سنگین ہوتا جا رہا ہے- ٹرپنگ اور لوکل فالٹ سے مشکلوں میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے- بجلی کے بحران کا سامنا کر رہے کاشتکاروں کی فصلیں بھی سوکھ رہی ہیں- پھردھان علاقے کے پیرپور گاؤں سے سنیل گپتا، ابھیشیک اوستھی، اپیندر شاستری، پروین گپتا، شاداب حسین، شعبان صدیقی و پنکج کشیپ سمیت درجنوں افراد کیمہرا پاور ہاؤس پہنچے اور اپنی ناراضگی کا اظہار کیا- حالانکہ وہاں کوئی ذمہ دار افسر نہ ملنے کی وجہ سے سبھی مایوس واپس آگئے- ان کا کہنا ہے کہ اگر بجلی وقت سے نہیں ملی تو میمورنڈم دے کر مظاہرہ کیا جائے گا-

نابالغ لڑکے کے ساتھ غیر فطری عمل کے ارتکاب میں تین کے خلاف مقدمہ، دو گرفتار

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) تھانہ پھول بیہڑ کے ایک موضع میں رہنے والے نابالغ لڑکے کے ساتھ جبراً غیر فطری فعل کے ارتکاب کا معاملہ سامنے آیا ہے- اس معاملے میں تین لڑکوں کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے- پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے- ذرائع سے موصولہ تفصیلات کے مطابق تھانہ پھول بیہڑ کے ایک موضع میں رہنے والا نابالغ لڑکا گاؤں کے باہر واقع تالاب میں نہانے گیا تھا- الزام ہے کہ پڑوسی گاؤں کے تین لڑکے وہاں آئے اور منہ دبا کر زبردستی گنّے کے کھیت میں کھینچ لے گئے- تینوں میں سے دو لڑکوں نے ہاتھ پکڑ کر دبائے رکھا اور ایک نوجوان نے اس کے ساتھ غیر فطری فعل کا ارتکاب کیا- ان کے چنگل سے چھوٹ کر گھر پہنچے لڑکے نے گھر والوں کو پورا واقعہ بتایا- متاثرہ لڑکے کو لے جا کر تھانے میں تحریر دی گئی- پولیس نے متاثرہ کے والد کی تحریر پر پڑوسی گاؤں میں رہنے والے محمد عامل، امرجیت سنگھ عرف چھوٹو سمیت تین افراد کے خلاف کئی سنگین دفعات اور پاکسو ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا- پولیس نے دو ملزمان عامل اور امرجیت سنگھ کو گرفتار کر لیا ہے- پھول بیہڑ کے تھانہ انچارج آلوک دھیمان نے بتایا کہ نابالغ لڑکے کو پڑوسی گاؤں کے دو نوجوان گنّے کے کھیت میں کھینچ لے گئے تھے- تیسرے نے اس کے ساتھ غیر فطری فعل کیا تھا- تینوں کے خلاف مقدمہ درج کر کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے-

گنا کی ادائیگی نہ کرنے پر کسانوں میں ناراضگی

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) کسان شکتی سنگٹھن کے ذریعے موضع بگھمرا گولا میں چوپال لگائی گئی- چوپال میں بقایا گنا پیمنٹ کے علاوہ کئی دیگر ایشوز پر بھی غور و خوض کیا گیا- چوپال میں بجاج گروپ کی شکر ملیں بند ہونے کے تین مہینے بعد بھی بقایہ گنا پیمنٹ ادا نہ کرنے پر ناراضگی ظاہر کی گئی- سنگٹھن کے ریاستی نائب صدر شیو دیال ورما نے کہا کہ راشٹریہ کسان شکتی سنگٹھن نے دو فروری کو بقایا گنا پیمنٹ کا مطالبہ کرتے ہوئے شکر مل کے ڈونگا میں بیٹھ کر مظاہرہ کیا تھا- اس دوران ضلع گنا افسر وید پرکاش سنگھ نے گنا پیمنٹ جلد سے جلد ادا کرنے، شادی و بیماری والے کسانوں کی درخواستوں پر مستقل طور سے پیمنٹ کو الگ کر بقیہ پیمنٹ کا 50 فیصد پیمنٹ کرنے کا یقین دلایا تھا لیکن ضلع گنا افسر کے ذریعے کسانوں کی درخواستوں پر مستقل طور سے ہو چکے گنا پیمنٹ کو جوڑ کر ہی 50 فیصد کا پیمنٹ کیا جا رہا ہے جو قابل مذمت ہے- سنتوش سنگھ بھدوریہ نے کہا کہ تحصیل میں کسانوں کی زمین کے ہوئے بیعنامہ کو سال گذر جانے کے بعد بھی داخل خارج نہیں کی گئی ہے- جلد سے جلد داخل خارج کرایا جائے- پٹیل شری کرشن ورما نے کہا کہ سڑک حادثوں کو روکنے کے لیے کسان اور ان کے گھر والے ہیلمٹ کا استعمال کریں اور گاڑی کو مقررہ اسپیڈ سے چلائیں- اس موقع پر سنگھٹن کے تمام عہدے داران اور کسان موجود رہے-